## کوہاٹ اور لوئر اورکزئی کے سرحدی علاقے میں مسافر پک اپ وین میں دھماکہ بزدلانہ کارروائی اور کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین
## بم دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔18، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوہاٹ اور لوئر اورکزئی کے سرحدی علاقے میں مسافر پک اپ وین میں دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو بزدلانہ کارروائی اور کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ویگنوں پر دھماکے کرنے والے دہشت گرد ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں اور بے گناہ افراد کو خاک وخون میں نہلانے والے سفاک دہشت گردوں کا کوئی دین وایمان نہیں ہے اور وہ جہالت کے اندھیروں میں گم ہیں۔ انہوں نے مسافر وین میں بم دھماکے کے نتیجے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے واقعہ میں زخمی ہونیوالے افراد کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ کوہاٹ میں مسافر وین میں بم دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ اور دہشت گردی میں ملوث سفاک دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لا کر ملک کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنایا جائے۔

## فیڈرل بی ایریا میں بھتہ دینے سے انکار پر سیمنٹ ڈپو پر دستی بم سے حملہ کھلی دہشت گردی ہے، رابطہ کمیٹی
## کراچی کے تاجروں کو جان ومال کا تحفظ فراہم کرنے کیلئے جرائم پیشہ پرچی وبھتہ مافیا سے نجات دلائی جائے، سندھ حکومت سے مطالبہ

کراچی۔۔۔18، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں گینگ وار کے جرائم پیشہ عناصر کی جانب سیمنٹ ڈپو پر دستی بم سے حملہ کرکے پانچ افراد کے شدید زخمی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور واقعے کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گینگ وار کے جرائم پیشہ عناصر سرعام تاجروں کو بھتہ کی پرچیاں تقسیم کررہے ہیں اور بھتہ دینے سے انکار کی صورت میں تاجروں پر دستی بموں سے حملے کیے جارہے ہیں جس کے باعث تاجر برادری عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ حکومت وانتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے تاہم حکومت وانتظامیہ اپنی ذمہ داری پوری نہیں کررہی جس سے شہریوں خصوصاً کراچی کے تاجروں میں شدید خوف وہراس پایا جارہا ہے اور وہ اپنا کاروبار بند کرکے احتجاج پر مجبور ہورہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جرائم پیشہ پرچی وبھتہ مافیا کی جانب سے فیڈرل بی ایریا میں سیمنٹ ڈپو پر دستی بم سے حملہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد تاجر برادری میں خوف وہراس پیدا کرکے انہیں بھتہ دینے پر مجبور کرنا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب پرچی وبھتہ مافیا تاجروں اور ان کی دکانوں پر دستی بموں سے حملے اور اندھادھند فائرنگ کرکے شہر میں معصوم لوگوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں اور شہر میں بدامنی قائم کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب پولیس وانتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے اور گینگ وار کے جرائم پیشہ دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادینے والا کوئی نہیں جو ملک بھر کے عوام خصوصاً تاجر برادری کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ رابطہ کمیٹی نے دستی بم سے حملے میں زخمی ہونیوالے تمام افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔ رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی کے تاجروں کو جان ومال کا تحفظ فراہم کرنے کیلئے جرائم پیشہ پرچی وبھتہ مافیا سے نجات دلائی جائے اور سیمنٹ ڈپو پر دستی بم حملے میں ملوث گینگ وار کے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن عقیل احمد کی المناک شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔18، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن عقیل احمد کی المناک شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## راجیش کھنہ بھارتی فلم انڈسٹری کی دنیا میں ایک بڑا نام تھا، جناب الطاف حسین

## معروف بھارتی اداکار راجیش کھنہ کے انتقال پر اظہار افسوس

## راجیش کھنہ کے انتقال پر ان کے اہلخانہ، بھارتی فلم انڈسٹری کے اداکاروں سمیت ان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار

## جناب الطاف حسین کا راجیش کھنہ کو بھارتی فلم انڈسٹری کیلئے نمایاں خدمات ادا کرنے پر زبردست خراج عقیدت

لندن:۔۔۔18، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف بھارتی اداکار راجیش کھنہ کے انتقال پر دلی صدمہ اور رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے راجیش کھنہ کو بھارتی فلم انڈسٹری کیلئے نمایاں خدمات ادا کرنے پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ راجیش کھنہ بھارتی فلم انڈسٹری کی دنیا میں ایک بڑا نام تھا جنہوں نے اپنی اداکاری کے ذریعے اپنے مداحوں کو ایک طویل عرصے تک محظوظ کیا۔انہوں نے کہا کہ راجیش کھنہ نے اپنے کیریئر کے آغاز سے ہی بھارتی فلم انڈسٹری کیلئے بے پناہ خدمات انجام دیں جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ راجیش کھنہ کے انتقال سے بھارت سمیت دنیا بھر کے کروڑوں مداح غمگین ہیں اور انکے انتقال سے جو خلاء پیدا ہوا ہے اسے کبھی پر نہیں کیا جاسکتا ہے۔جناب الطاف حسین نے راجیش کھنہ کے انتقال پر ان کے اہلخانہ، بھارتی فلم انڈسٹری کے اداکاروں سمیت ان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار بھی کیا ہے۔

## نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن عقیل احمد کی شہادت پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ مذمت

## دہشت گرد قتل وغارت گری، غنڈہ گردی اور لوٹ مار کا بازار گرم کرکے شہر کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں،

## عقیل احمد شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

## عقیل احمد کی شہادت کا نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے

کراچی:۔۔۔18، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 112 کے کارکن عقیل احمد کی شہادت کے واقعہ کی مذمت کی ہے اور اسے شہر کا امن تہہ وبالا کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت شہر میں قتل وغارت گری، غنڈہ گردی اور لوٹ مار کا بازار گرم کرکے شہر کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں اور عقیل احمد کے قتل کا واقعہ بھی اسی سازش کی کڑی ہے۔رابطہ کمیٹی نے عقیل احمد شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور درجات کی بلندی کیلئے دعا بھی کی۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ دشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 112 کے کارکن عقیل احمد کی شہادت کا نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔

## سعودی عرب میں ٹریفک حادثے میں پیر صبغت اللہ راشدی کی ہمشیرہ کے جاں بحق ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سعودی عرب میں ٹریفک حادثے میں مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ اور حروں کے روحانی پیشوا پیر صبغت اللہ راشدی کی ہمشیرہ کی جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ناگہانی ٹریفک حادثے کا شکار ہونیوالی پیر صبغت اللہ راشدی کی ہمشیرہ سمیت تمام مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پیر صبغت اللہ راشدی سمیت تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین) دریں اثناء حق پرست وفاقی وزیر بابر غوری نے پیر صدر الدین سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔وفاقی وزیر بابر غوری نے پیر صدر الدین سے ٹیلی فون پر ان کی ہمشیرہ المناک ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے (آمین)

## نیپرا کی جانب سے کے ای ایس سی کو فیول ایڈجسمنٹ کی مد میں اضافے کی منظوری دینا عوام دشمن اقدام ہے، رابطہ کمیٹی

## طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور کے ای ایس سی کے بوسیدہ نظام کے باعث شہر کراچی کے صارفین کی زندگیاں اجیرن بنی ہوئی ہیں، ایسی صورتحال میں بجلی کے نرخ میں اضافہ کرنا عوام سے کھلی ناانصافی کے مترادف ہے

کراچی۔۔۔18، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیپرا کی جانب سے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کو بجلی کے فیول ایڈجسمنٹ کی مد میں 1 روپے 64 پیسے اضافہ کی منظوری دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے عوام دشمن اقدام قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ رمضان المبارک کی آمد آمد ہے اور اس مبارک مہینے میں شہر کراچی کے عوام کو بجلی کے نرخ میں ریلیف فراہم کرنے کے بجائے الٹا اس میں اضافہ کرنا سراسر ظلم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر کراچی کے عوام پہلے ہی ملک بھر میں مقرر کردہ بجلی کے نرخ سے زائد نرخ پر بجلی خرید رہے ہیں جبکہ طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور کے ای ایس سی کے بوسیدہ نظام کے باعث شہر کراچی کے صارفین کی زندگیاں اجیرن بنی ہوئی ہیں اور ایسی صورتحال میں بجلی کے نرخوں میں اضافہ کرنا عوام سے کھلی ناانصافی کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت جناب آصف علی زرداری اور وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ نیپرا کی جانب سے کے ای ایس سی کو بجلی کی قیمت میں اضافے کی منظوری دینے کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اور اس ضمن میں ناانصافیوں کا سلسلہ ترک کر کے عوام کو فی الفور ریلیف فراہم کیا جائے۔

☆☆☆☆☆